**شرائط و ضوابط**

الائیڈ بنک سے فراہم کردہ "ٹیپ اینڈ پے" کی خدمات اس دستاویزکے مطابق ذیل میں درج شدہ شرائط کے تابع ہوں گی ۔ ٹیپ اینڈ پے ایک ورچوئل کارڈ ہے جوکسٹمرکو کنٹیکٹ لیس ادائیگی قبول کرنے والے شراکت دار مرچنٹس کے پاس یا وہاں ادائیگی کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے جہاں "ٹیپ اینڈ پے" لوگو یا بینک کی جانب سے بتائی گئی کوئی دیگر علامت آویزاں ہوجو ریئل ٹائم مرچنٹ کی ادائیگیوں کی اجازت دیتی ہے۔

صارف اِس امر کو یقینی بنائے کہ اُس نے ٹیپ اینڈ پے سروس کے کارڈز کو ڈیجیٹلائز کرنے یا استعمال کرنے سے پہلے اِن شرائط و ضوابط کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔ myABL کے ذریعے ٹیپ اینڈ پےسروس کو شامل یا استعمال کرنا اِن شرائط و ضوابط کے لیےکسٹمرکی قبولیت تصور ہوگا۔ یہ شرائط و ضوابط ABL کی جانب سے کارڈز کی درخواست یا اجراءکے وقت کسٹمر کی جانب سے منظور کردہ کارڈز کے استعمال کی شرائط و ضوابط ذیلی اور مکمل ہیں۔

**تعریفات:**

فراہم کردہ اصطلاحات بیان کردہ شرائط وضوابط کے مطابق اور تابع سمجھی جائیں گی:

- **صارف** سےمرادmyABL ایپ کا کوئی صارف ہے جس کاABL میں اکاؤنٹ ہے اور جو ABLکے جاری کردہ ڈیبٹ کارڈ کا حامل ہے۔
- **کارڈ (کارڈز)**سے مرادABLکاکسٹمر کو جاری کردہ ڈیبٹ کارڈ اور/یا پری پیڈ کارڈہے جس کی میعاد ختم نہیں ہوئی یا جو بلاک، معطل یا منسوخ نہیں کیا گیا ہے۔
- **ڈیوائس** سے مرادNFC –فعال اینڈرائیڈ اسمارٹ فون ٹیبلٹ یا اینڈرائیڈ سمارٹ گھڑیاں ہیں جنہیں بینک اپنی صوابدید پر ٹیپ اینڈ پے سروس کے ساتھ استعمال کے لیے محفوظ اور اہل قرار دیتاہے۔
- **ٹیپ اینڈ پے**سے مراد موبائل ادائیگی کی کوئی سروس ہے جو کسٹمرز کو ڈیوائسز پر رجسٹرڈ کارڈز کا استعمال کرتے ہوئے اُن ڈیوائسز کے ذریعے ادائیگی کرنے کی مجاز بناتی ہے۔
- **پاس کوڈ** سے مراد حروف کاایک مجموعہ یا بائیو میٹرک شناخت کنندگان سمیت کوئی پیٹرن ہے جو ڈیوائس تک رسائی یا اسے اَن لاک کرنے کے لیے پاس ورڈ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

- **ڈیفالٹ کارڈ** سے مراد وہ کارڈ ہےجو خریداریوں اور/یا ادائیگیوں کے لیے عمومی طور پر استعمال ہوگا۔ یہ عام طور پرٹیپ اینڈ پے سروس میں رجسٹرڈ تازہ ترین کارڈ ہے اور اسے کسی بھی وقت تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

ٹیپ اینڈ پے کے غلط اور/یا غیر مجاز استعمال کے نتیجے میں کسٹمر کو ٹیپ اینڈ پے سروس کی شرائط و ضوابط کی تعمیل کرنے میں ناکامی کی وجہ سے بینک کسٹمر کو ہونے والے کسی بھی مالیاتی یا دیگر نقصان اور/یا ہرجانوں کے لیے ذمہ دار نہیں ہو گا ۔

**ٹیپ اینڈ پے سروس کی شرائط و ضوابط:**

- بینک اپنی صوابدید پر ٹیپ اینڈ پے سروس کی رُکنیت کے لیے کسٹمر کی عرضی/درخواست کو قبول یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
- کسٹمر بذریعہ ہذابینک کو اِن شرائط و ضوابط پر عمل کرنے میں کسٹمر کی ناکامی کے نتیجے میں کسٹمر کو ہونے والے کسی بھی نقصان، ذمہ داری اور/یاہرجانےسے بری الذمہ قرار دیتا ہے۔
- ٹیپ اینڈ پے سروس کو سبسکرائب اور حاصل کرنے کے لیےکسٹمر کا بینک کی 'my ABL' ایپلی کیشن کا موجودہ کسٹمر ہونا ضروری ہے۔ بصورتِ دیگر، کسٹمر کو گوگل پلے اسٹور سے اپنی ڈیوائس پر myABL ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ اور انسٹال کرنی ہوگی۔ تاہم، بینک غیر مجاز رسائی حاصل کرنے والے کسی سافٹ ویئریا تھرڈ پارٹی ایپ اسٹور یا غیر مجاز موبائل ایپلی کیشن کے استعمال سے کسٹمر کو ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔
- کسٹمر ڈیوائس کی فزیکل سیکیورٹی کے ساتھ ساتھ ڈیوائس کے لاک کوڈ، پن، پاس کوڈ، موبائل ڈیوائسز کے لیے بینک ایپلی کیشن اور بینک کارڈ کے لیے استعمال ہونے والے کوائف تک رسائی کے لیے استعمال ہونے والے دیگر ذرائع، کسی بھی ذاتی معلومات اور ڈیوائس سے متعلق ادائیگی کی دیگر معلومات کی رازداری کو برقرار رکھنے کے لیے مکمل طور پر مجازاور ذمہ دار ہوگا۔ کسٹمر کسی دوسرے شخص کے ساتھ ڈیوائس یا ڈیوائس تک رسائی کے ذرائع کا اشتراک کرتے وقت اوراُس شخص کو کارڈ استعمال کرنے اور ذاتی معلومات اور ٹیپ اینڈ پے کے ذریعے دستیاب ادائیگی کی معلومات تک رسائی حاصل کرنے کے قابل بنانے میں بھی مکمل طور پر ذمہ دار ہو گا /گی۔ اس لیے کسٹمر کو ڈیوائس اور لاگ اِن کوائف کو اسی طرح محفوظ رکھنا چاہیے جس طرح وہ اپنے کیش ، پری پیڈ کارڈز، ڈائریکٹ ڈیبٹ کارڈز، کریڈٹ کارڈز، پِن اور دیگر پاس ورڈز کو محفوظ رکھتا/رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ، کسٹمر کو ڈیوائس لاک کوڈ فیچر کو سیٹ اپ اور

فعال کرنا چاہیے جس کے لیے ڈیوائس کو آن لاک کرنے کے لیے فنگر پرنٹ یا پِن کوڈ، پاس ورڈ یا پیٹرن کی ضرورت ہوتی ہے۔

- ٹیپ اینڈ پے کے ذریعےایک سے زیادہ کارڈز کو استعمال کے لیے رجسٹر کیا جا سکتا ہے، جن میں سے ہر ایک کو myABL ایپ کے اندر الگ سے لنک کیا جائے گا۔ ایپ کے اندر مارک کیے گئےڈیفالٹ کارڈ کی بنیاد پر ٹرانزیکشنز پر کارروائی کی جائے گی۔
- کسٹمر اِس بات کو یقینی بنائے گا کہ ٹیپ اینڈ پے کے استعمال کے لیے استعمال کی گئی کوئی بھی ڈیوائس جدید ترین اینڈرائیڈ آپریٹنگ سسٹم کے ساتھ NFC -فعال ہے۔
- ڈیوائس کی رازداری کی خلاف ورزی یا ڈیوائس پاس کوڈ کے افشا ہونے کی صورت میں (چاہے وہ مجاز ہو یا بصورتِ دیگر)، کسٹمر ہونے والےتمام نقصانات اور ہرجانوں کے لیے مکمل طور پر ذمہ دار ہوگا جس میں خلاف ورزی کے نتیجے میں کی گئی ٹرانزیکشنز کے نتیجے میں ادا کیے جانے والے کسی بھی طرح کے اخراجات شامل ہیں لیکن صرف اِنھی تک محدود نہیں ہیں۔
- پاس کوڈ کے افشا ہونےیا کسی دوسرے شخص یا ادارےکومعلوم ہو جانے یا کسی دھوکہ دہی، نقصان یا ڈیوائس کی چوری کی صورت میں کسٹمر الائیڈ فون بینکنگ سے رابطہ کر کے فوری طور پر بینک کو مطلع کرنے اور کسٹمر کی جانب سے ٹیپ اینڈ پے کے لیے رجسٹرڈ کارڈز کو بلاک/غیر فعال کرنے کی درخواست کرنےپر رضامندی ظاہر کرتا/کرتی ہے ۔ٹیپ اینڈ پےکسٹمر کسی بھی ایسےمالیاتی یا دیگر نقصان اور/یا ہرجانےکے لیے مکمل طور پر ذمہ دا رہوگا جو غیرمجاز ہاتھوں میں جانے والے کارڈ(کارڈز) کوغیر فعال اور/یا بلاک کرنے کے لیےکسٹمر کی جانب سے بینک کو فوری طور پر درخواست کرنے میں تاخیر یا ناکامی کی وجہ سے کسٹمر کو ہوا ہو۔ یہ واضح کیا جاتا ہے کہ ٹیپ اینڈ پے سروس کو غیر فعال /بلاک کرنے سے کسٹمر کے فزیکل پلاسٹک کارڈ (کارڈز) کے استعمال پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔
- ٹیپ اینڈ پے سروس میں کارڈ شامل کرتے وقت بینک کسٹمر زکو کارڈ استعمال کرنے اور ٹیپ اینڈ پے کے ذریعے ٹرانزیکشنز کرنے کے قابل بنانے کے لیےاُن کی شناخت کی تصدیق کے مقصد سے کچھ معلومات اکٹھی کرے گا ۔
- کسٹمر اِس بات سے اتفاق کرتا/کرتی ہے کہ بینک وقتاً فوقتاً تکنیکی ڈیٹا اور متعلقہ معلومات کو جمع اور استعمال کر سکتاہےجس میں بینک کی سروسز میں اپ ڈیٹس کی سہولت فراہم کرنے کے لیے کسٹمر کی ڈیوائس کے بارے میں تکنیکی معلومات شامل ہے لیکن صرف اِنھی تک محدود نہیں ۔ کسٹمر اِس بات سے بھی اتفاق کرتا/کرتی ہے کہ بینک اِس معلومات کو اپنی پراڈکٹس کو بہتر بنانے یا کسٹمر کو

سروسز یا ٹیکنالوجی فراہم کرنے کے لیے استعمال کر سکتا ہےجہاں تک کہ یہ کسی ایسے طریقے سے استعمال کیا جائے جس سے کسٹمر کی ذاتی شناخت ظاہر نہ ہو۔

- کسٹمر کو myABL ایپلی کیشن سے کارڈ اکاؤنٹ کی سرگرمی سے متعلق پُش/اِن ایپ نوٹیفکیشنزموصول ہو سکتے ہیں۔ اِن نوٹیفکیشنزکے لیے ایک فعال ڈیٹا اور/یا وائی فائی کنکشن کی دستیابی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مذکورہ نوٹیفکیشنزہوم اسکرین کے اوپری حصے میں نوٹیفکیشن ٹرے کے اندر لاک یا غیر فعال ڈیوائس اسکرین پر ظاہر ہوسکتے ہیں، اوریہ ڈیوائس کے لاک ہونے پر بھی دیکھے جا سکتے ہیں ۔ واضح رہے کہ اِن نوٹیفکیشنزکے ذریعے دکھائی جانے والی کارڈ اکاؤنٹ کی سرگرمی میں کسٹمر کا نام یا اکاؤنٹ کی معلومات شامل نہیں ہوتی ہیں۔ اگر کسٹمر پُش/اِن ایپ نوٹیفکیشنزموصول نہیں کرنا چاہتا/چاہتی تو وہ اِنہیں ڈیوائس کی سیٹنگزیا ایپلی کیشن کی سیٹنگزکے ذریعے غیر فعال کر سکتا/سکتی ہے۔
- اگر کسٹمر کسی بھی ڈیوائس پر ٹیپ اینڈ پے میں رجسٹرڈ کارڈز میں سےکسی کارڈ کو حذف کر دیتا /دیتی ہے تو بینک دوسری ڈیوائسز پر اِس کارڈ کے استعمال کی اجازت دیتا رہے گا جن پر کسٹمر نے کارڈ شامل کیا ہے۔اگر کسٹمر کارڈ کو دیگر ڈیوائسز پر استعمال نہیں کرنا چاہتا/چاہتی تو اُسے دوسری ڈیوائسزسے کارڈ کو بذاتِ خودحذف کرناہو گا۔
- ٹیپ اینڈ پے سروس روٹڈ اینڈرائیڈ ڈیوائسز پر دستیاب نہیں ہے۔ ٹیپ اینڈ پے استعمال کرنے کے لیے کسٹمر کو اصل اینڈرائیڈ آپریٹنگ سسٹم استعمال کرنا چاہیے۔
- کسٹمر تسلیم کرتا/کرتی ہے کہ ٹیپ اینڈ پے کے ذریعے کی گئی تمام ٹرانزیکشنز کسٹمر کی جانب سے کی گئی ہیں اور یہ سرکاری دستاویزات کی قانونی اہمیت کی حامل ہیں ،اور یہ کہ اِنھیں کسٹمر کے خلاف حتمی ثبوت کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کسٹمر یہ بھی اقرارکرتا/کرتی ہے کہ بینک ٹیپ اینڈ پے کے ذریعے کی گئی کسی بھی ٹرانزیکشن کے نتیجے میں کوئی ذمہ داری برداشت نہیں کرے گا۔
- مواصلاتی نیٹ ورکس یا خراب ٹرانسمیشن اور/یا وصولی کے نتیجے میں کسٹمر کو پہنچنے والے کسی نقصان کا بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اس کے علاوہ، بینک کسٹمر کی ڈیوائس کے ہیک ہونے کے نتیجے میں ہونے والی کسی بھی دانستہ خرابی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا ۔
- اگر کسٹمر بینک کے ساتھ اپنے معاہدے کی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی کرتا /کرتی ہے تو بینک کوٹیپ اینڈ پے کومعطل اور/یا عارضی طور پر بلاک یا منسوخ کرنے کا حق حاصل ہے۔

- بینک کو کسی بھی وقت اور پیشگی اطلاع کے بغیرٹیپ اینڈ پےکے اندر فراہم کردہ ٹیپ اینڈ پےکی شرائط و ضوابط میں ترمیم، اضافہ، تبدیلی اور/یا منسوخ کرنے، یا کسٹمر کو مطلع کرنے کے بعدٹیپ اینڈ پےمیں استعمال ہونے والے سافٹ ویئر میں ایسا کرنے کا حق حاصل ہے۔
- کسٹمرکے ٹیپ اینڈ پے سےمزید مستفید نہ ہونے یا استعمال نہ کرنے کے ارادہ کے صورت میں کسٹمر ٹیپ اینڈ پے کے ذریعے تخلیق کردہ کارڈ (کارڈز) کو حذف کر دے گا جو متعلقہ کارڈ (کارڈز) کے ذریعےکسٹمر کی جانب سے ٹیپ اینڈ پے کے استعمال کو بند کرنے کی علامت ہوگا۔
- کسٹمر تسلیم کرتا /کرتی ہے کہ اس کے اکاؤنٹ پر کی جانے والی ٹرانزیکشنز کے لیے پُش/اِن ایپ وصول ہونے سے بینک کوئی اور تحریری نوٹس بھیجنےکا ذمہ دارنہیں ہے۔ مزید برآں، کسٹمر بینک کے اختیارات سے باہر حالات جن میں ڈیوائس یا موبائل فون بند ہونا، نیٹ ورک ڈاؤن، ڈیوائس/موبائل سروس ایریا سے باہر ہونا وغیرہ شامل ہیں لیکن صرف انھی تک محدود نہیں، کی وجہ سے میسج کی عدم ترسیل پر اعتراض کرنے کے کسی بھی حق سے دستبردار ی کا اقرارکرتا/کرتی ہے ۔
- اگر کسٹمر کو بینک کی جانب سے غلطی سے کوئی ٹیکسٹ میسج موصول ہوتا ہے، تو کسٹمر تسلیم کرتا /کرتی ہے کہ اس کے نتیجے میں بینک کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا یا کسی قسم کی ذمہ داری برداشت نہیں کرے گا۔
- سروس میں بے قاعدگی یا تعطل یا اس کے نتیجے میں فراہم کردہ معلومات کےغلط ہونے کی صورت میں بینک ذمہ دارنہیں ہوگا۔
- اگر بینک کو شبہ ہو یا بصورت ِدیگر یہ یقین کرنے کی کوئی وجہ موجود ہو کہ ڈیٹا کی کوئی خلاف ورزی ہوئی ہے یا کسٹمر کی ذاتی معلومات یا ڈیٹا، پاس ورڈ، پِن وغیرہ تک غیر مجاز رسائی ہوئی ہے تو بینک کو اختیار ہے کہ وہ اِس کی کوئی ذمہ داری قبول کیے بغیر سروس(سروسز) کو روک سکتا ہے/بلاک کر سکتا ہے۔اگرچہ بینک کسٹمرز کو کھلے مواصلاتی نیٹ ورکس کے خطرات سے بچانے کے لیے تمام ممکنہ حفاظتی ذرائع استعمال کرتا ہے،لیکن بینک اِن نیٹ ورکس کے استعمال سے پیدا ہونے والے خطرات کے نتیجے میں کسٹمر کو پہنچنے والے کسی نقصان کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا اور صرف کسٹمر ہی ٹیپ اینڈ پے سروس کے استعمال کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تمام خطرات کا ذمہ دار ہو گا/گی۔
- کسٹمر بینک کے ریکارڈ کی دُرستی کو تسلیم کرتا/کرتی ہے اور اسے تمام حوالوں سےفیصلہ کُن ،حتمی اور قابلِ پابندی ثبوت کے طور پر ماننے سے اتفاق کرتا/کرتی ہے۔

- کسٹمر سمجھتا/سمجھتی ہے کہ بینکنگ سے متعلق تمام قسم کی الیکٹرانک ٹرانزیکشنز کسٹمر کے خلاف ثبوت کے طور پر دُرست اور قابلِ قبول ہیں۔ کسٹمر اِس بات سے اتفاق کرتا /کرتی ہے کہ کسٹمر کو محض معلوماتی میسج بھیجنا ہی کسٹمر کی جانب سے اس کی وصولی کا فیصلہ کُن ثبوت سمجھا جاتا ہے اور اس طرح کا میسج کسٹمر کے خلاف مکمل قانونی اثرکا حامل ہوگا۔